نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ملتان میں کپاس بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

صوبہ میں روئی کی 55 لاکھ سے زائد گانٹھوں کے ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور، 09 اگست **2025**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ صوبہ میں روئی کی 55 لاکھ سے زائد گانٹھوں کے ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ رواں سیزن پنجاب میں کل 32 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کرائی گئی جبکہ خصوصی مہم کے ذریعے ساڑھے 8 لاکھ ایکڑ رقبہ پر اگیتی کاشت کا ہدف حاصل کیا گیا۔ وہ آج محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں منعقدہ کپاس کی فصل بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی، چیئرمین نیشنل سیڈ ریگولیٹری اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمان، ڈاکٹر عبدالقیوم، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، کاٹن گروور سید حسن رضا، چیف انجینئرز محکمہ انہار سمیت محکمہ زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ اعداد و شمار کے مطابق اب تک 8 لاکھ روئی کی گانٹھوں کے برابر پھٹی کی چنائی مکمل ہو چکی ہے اور فیلڈ رپورٹس کے مطابق کپاس کی موجودہ صورتحال نہایت تسلی بخش ہے۔انھوں نے کہا کہ کاٹن انسپکٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ جننگ فیکٹریوں میں آمدہ پھٹی اور روئی کی گانٹھوں کا درست ریکارڈ مرتب کریں۔ کپاس کی صاف چنائی کے حوالے سے خواتین لیبرز کو تربیت فراہم کی جائے اور کپاس کی نگہداشت کے اس اہم مرحلے کے دوران کاشتکاروں کی رہنمائی میں کسی قسم کی سستی یا کوتاہی ناقابل برداشت ہوگی۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ سائنسدانوں کو کپاس کی کلائمیٹ سمارٹ اور مکینیکل ہارویسٹنگ کی حامل اقسام دریافت کرنے کا ٹاسک دے دیا گیا ہے۔ گندم کی آئندہ فصل کیلئے ایک پرکشش پیکج متعارف کرایا جا رہا ہے جبکہ صوبہ میں ہائی ٹیک زرعی مشینری کے فروغ کیلئے بینک آف پنجاب کے ذریعے 3 کروڑ روپے کے بلاسود قرض کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ مزید برآں، 2 ہزار نئے زرعی گریجویٹس وزیر اعلیٰ پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے تحت اگلے مہینے فیلڈ سرگرمیوں کا آغاز کریں گے۔

☆☆☆☆